یہاں سے کاٹئے

Question Paper Serial No. 30

# A

**CCE RR**
**REVISED**

ಒಟ್ಟು ಮುದ್ರಿತ ಪುಟಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ: 8 ]
Total No. of Printed Pages : 8 ]
ಒಟ್ಟು ಪ್ರಶ್ನೆಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ: 38 ]
Total No. of Questions : 38 ]

**ಸಂಕೇತ ಸಂಖ್ಯೆ : 66-U**

**Code No. : 66-U**

# ವಿಷಯ : ತೃತೀಯ ಭಾಷೆ – ಉರ್ದು

# Subject : Third Language - URDU

**( ಹೊಸ ಪಠ್ಯಕ್ರಮ / New Syllabus )**

**( ಪುನರಾವರ್ತಿತ ಶಾಲಾ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ / Regular Repeater )**

ದಿನಾಂಕ : 25. 09. 2020 ] [ Date : 25. 09. 2020
ಸಮಯ : ಬೆಳಗ್ಗೆ 10-30 ರಿಂದ ಮಧ್ಯಾಹ್ನ 1-30 ರವರೆಗೆ ] [ Time : 10-30 A.M. to 1-30 P.M.
ಗರಿಷ್ಠ ಅಂಕಗಳು : 80 ] [ Max. Marks : 80

TEAR HERE TO OPEN THE QUESTION PAPER

اس سوالنامہ کو کھولنے کے لئے یہاں سے کاٹئے

## عام ہدایات :

.1 سوالنامہ معروضی اور موضوعی قسم کے سوالوں پر مشتمل ہے جس میں 38 سوالات ہیں۔

.2 اس سوالنامہ کو سربمہر کر دیا گیا ہے۔ امتحان شروع ہونے کے وقت آپ کو پرچہ پڑھنے کے لئے اسے بائیں طرف سے کاٹنا ہوگا۔ اچھی طرح دیکھ لیں کہ سوالنامہ کے سبھی صفحات ٹھیک ٹھاک ہیں۔

.3 معروضی اور موضوعی دونوں قسم کے سوالوں کے لئے دی گئی ہدایات کے مطابق جواب لکھیں۔

.4 بائیں ہاتھ کے حاشئے پر پورے مارکس دئے گئے ہیں۔

.5 جواب دینے کا زیادہ سے زیادہ وقت سوالنامہ کے اوپر دیا گیا ہے۔ اس میں سوالنامہ پڑھنے کے لئے 15 منٹ شامل ہیں۔

Tear here

I. درج ذیل ہر سوال کے لئے چار متبادل جوابات دیئے گئے ہیں۔ ان میں سے سب سے مناسب جواب چُن کر لکھئے :

8 × 1 = 8

1. رباعی کا یہ مصرعہ قافیہ اور ردیف کا پابند نہیں ہوتا۔

A) پہلا B) دوسرا

C) تیسرا D) چوتھا

2. واحد جمع کے اعتبار سے غیر متعلق لفظ علیحدہ کیجئے۔

A) برسات B) دفاتر

C) واقعات D) ذخائر

3. ''سابقے''، ''لاحقے'' کے لحاظ سے غیر متعلق لفظ ہے۔

A) باذوق B) یادگار

C) ہم محلّہ D) نوعمر

4. وہ جملہ جو دو یا دو سے زیادہ مفرد جملوں سے مل کر بنتا ہے، کہلاتا ہے۔

A) جملۂ مفرد B) جملۂ مرکب

C) جملۂ خبریہ D) جملۂ انشائیہ

5. وہ کلمہ جو خود معنی نہیں دیتا بلکہ دوسرے الفاظ کے ساتھ مل کر معنی دیتا ہے، کہلاتا ہے۔

A) مستقل کلمہ B) جملۂ مفرد

C) محاورہ D) غیر مستقل کلمہ

6. ''مضمون'' کا سب سے بڑا حصّہ ہوتا ہے۔

A) تمہید B) نفسِ مضمون

C) اختتام D) عنوان

7. ''تعریف'' کے لئے استعمال ہونے والے حروفِ فجائیہ ہیں۔

A) واہ، واہ، کیا خوب    B) آہ، اُف

C) ارے، ہائے    D) اہاہا، اوہو

8. ''الجبرا مسلمان ہی کی ایجاد ہے۔'' اس جملے میں ''حرفِ تخصیص'' ہے۔

A) الجبرا    B) ہی

C) کی    D) ہے

II. پہلے دو لفظوں کی مناسبت سے تیسرے لفظ کا جوڑ لکھئے :    4 × 1 = 4

9. حضرات : حضرت :: احادیث : ..................

10. موجود : غیر موجود :: خوش نما : ..................

11. ترقی : مونث :: طریقہ : ..................

12. آنکھیں کھل جانا : حقیقت معلوم ہونا :: سڑکیں ناپنا : ..................

III. درج ذیل سوالات کے جوابات ایک ایک جملے میں لکھئے :    4 × 1 = 4

13. قلعہ حشام کس کی بے مثال یادگار ہے ؟

14. شیخ حسین عبداللہ کس نام سے مشہور ہوئے ؟

15. راجا اور پرجا کا مالک کون ہے ؟

16. اللہ کا بسیرا کہاں ہے ؟

IV. درج ذیل سوالات کے جوابات دو یا تین جملوں میں لکھئے : 8 × 2 = 16

17. مولانا محمد علی جوہرؔ کے اُردو اور انگریزی اخبارات کے نام لکھئے ۔

18. صبح سویرے پروفیسر راہیؔ کی مصروفیات کیا ہوتی تھیں ؟

19. قدیم زمانے میں ''نانو اشیاء'' کا استعمال کہاں ہوتا تھا ؟

20. شعروشاعری کے علاوہ عمر خیّام کی شہرت کس حیثیت سے ہوئی ؟

21. معمارِ میسور کے نام سے کون مشہور ہیں، اُنہیں دیوان کا عہدہ کیوں پیش کیا گیا ؟

22. پروفیسر راہیؔ کا حلیہ بیان کیجئے۔

23. خطیب صاحب مشاعرہ میں اپنا کلام سنانے سے پہلے کیا کرتے تھے ؟

24. فراقؔ کے مطابق کن لوگوں کو مرنے کا بھی شعور نہیں ہے ؟

V. درج ذیل سوالات کے جوابات تین یا چار جملوں میں لکھئے : 9 × 3 = 27

بحوالۂ متن درج ذیل جملوں کی وضاحت کیجئے :

25. ''نہ کھائیں تو زندہ کیسے رہیں۔''

26. ''ارے بے وقوفو ! میں پچھلے دروازے سے بھی تو باہر جا سکتا تھا۔''

27. ''کل شیر شکاریوں کے غول میں گھر جائے گا۔''

28. درجِ ذیل نثر نگاروں میں سے کسی ایک کا تعارف لکھئے :

(i) مجتبیٰ حسین (ii) ڈاکٹر وحید انجم

29. درج ذیل شعراء میں سے کسی ایک کا تعارف لکھئے :

(i) سید احمد شاکرؔ (ii) میر تقی میرؔ

درج ذیل اشعار کی تشریح کیجئے :

30. ہم وہاں ہیں جہاں سے ہم کو بھی

کچھ ہماری خبر نہیں آتی

31. رہا تو تو اکثر الم ناک میرؔ

ترا طور کچھ خوش نہ آیا ہمیں

32. زمانہ کے کیا کیا ستم دیکھتے ہیں

ہمیں جانتے ہیں جو ہم دیکھتے ہیں

33. درج ذیل انگریزی تحریر کا اُردو میں ترجمہ کیجئے :

Swami Vivekananda was born in 1863. He was the son of Viswanath Datta, a well-known lawyer of Kolkata and Bhuvaneshwari Devi.

VI. **درج ذیل سوالات کے تفصیلی جوابات لکھئے :** 4 × 4 = 16

34. ''نعت'' کے ابتدائی چار اشعار اپنی یادداشت سے لکھئے۔

35. اُم المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ کی زندگی پر روشنی ڈالئے۔

**یا**

کلبرگی کی جامع مسجد کی تاریخی اہمیت پر نوٹ لکھئے۔

36. **درجِ ذیل تحریر کا بغور مطالعہ کیجئے اور نیچے دیئے گئے سوالات کے جوابات لکھئے :**

حضور اکرم ﷺ بڑے مہمان نواز تھے۔ آپؐ کے یہاں مسلمان مشرک اور کافر سب ہی مہمان ہوتے، آپؐ سب کی خاطر کرتے۔ ایک دفعہ آپؐ کے یہاں ایک کافر مہمان ہوا۔ آپؐ نے ایک بکری کا دودھ اُس کو پلایا۔ وہ سب دودھ پی گیا۔ آپؐ نے دوسری بکری منگوائی، وہ اُس کا بھی دودھ پی گیا۔ غرض سات بکریوں تک نوبت آئی۔ آپ گھر میں رہتے تو گھر کے کام کاج اپنے ہاتھوں سے کرتے، اپنے پھٹے کپڑے آپؐ سی لیتے، اپنے پھٹے جوتے کو خود گانٹھ لیتے۔ بکریوں کا دودھ اپنے ہاتھوں سے دوہتے۔

مسجد نبوی کے بنانے اور خندق کو کھودنے میں سب مزدوروں کے ساتھ مل کر آپؐ نے بھی کام کیا۔

سوالات :

(i) آپ ﷺ کے یہاں کون کون مہمان ہوتے ؟

(ii) ایک دفعہ آپ ﷺ کے یہاں کون مہمان ہوا ؟

(iii) مہمان کو کتنی بکریوں کا دودھ پلانے کی نوبت آئی ؟

(iv) آپ ﷺ جب گھر میں رہتے تو کیا کام کرتے ؟

37. درجِ ذیل کسی ایک عنوان پر **12** تا **15** جملوں پر مشتمل ایک مضمون تحریر کیجیے :

جہیز ایک سماجی بُرائی ہے **یا** ماحول کی آلودگی اور اس کا تحفظ

VII. خط کے اجزائے ترکیبی کا لحاظ رکھتے ہوئے درجِ ذیل خطوط میں سے کوئی ایک خط لکھیے : $1 \times 5 = 5$

38. اپنے اسکول کے میر معلم/ میر معلّمہ کے نام ایک خط لکھیے، جس میں سند تبادلہ (T.C.) حاصل کرنے کی درخواست ہو۔

**یا**

اپنے والد محترم کے نام ایک خط لکھیے، جس میں اپنے اسکول کے سالانہ جلسہ کا ذکر ہو۔